Regd. No. L 5254

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

فون نمبر ۹

اِنَّ الْفَضْلَ بِیَدِ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ
عَسٰۤی اَنْ یَّبْعَثَکَ رَبُّکَ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا

ضمیمہ روزنامہ

الفضل ربوہ

قیمت ۔/

جلد ۴۸/۱۳ | ۷؍احسان ۱۳۳۸ھش * ۷؍جون ۱۹۵۹ء | نمبر ۱۳۴

حضرت مرزا شریف احمد صاحب سلمہ ربہ کی صحتیابی کیلئے دُعا کی تحریک

حضرت مرزا شریف احمد صاحب سلمہ ربہ علاج کی غرض سے لاہور میں ہی قیام فرما ہیں۔ احباب جماعت خاص توجہ اور التزام سے دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالےٰ حضرت میاں صاحب موصوف کو اپنے فضل سے جلد صحت یاب فرمائے۔ اور پوری صحت و عافیت کے ساتھ کام کرنے والی لمبی عمر عطا کرے۔ آمین

سیّدنا حضرت خلیفۃ المسیح الثانی ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی صحت کے متعلق تازہ اطلاع

عام طبیعت بفضلہ تعالیٰ بہتر ہے۔ اعصابی کمزوری میں بتدریج افاقہ ہو رہا ہے

(محترم صاحبزادہ ڈاکٹر مرزا منوّر احمد صاحب راولپنڈی)

راولپنڈی ۷؍جون (بذریعہ فون):۔

۱۔ کل دن بھر حضور اقدس کی طبیعت عام طور پر اچھی رہی البتہ گرمی کے باعث کبھی کبھی گھبراہٹ اور بے چینی ہوتی رہی۔ نقرس کی تکلیف میں اللہ تعالےٰ کے فضل سے کافی حد تک افاقہ ہے۔ مگر اس بیماری کے بار بار عود کر آنے پر خطرہ ہوتا ہے۔ لہذا احباب جماعت خاص طور پر دعائیں جاری رکھیں کہ اللہ تعالیٰ اس مرض سے حضور کو کلی شفا عطا فرمائے۔

۲۔ کل شام مری کے لئے روانگی تھی ۷ بجے شام حضور بذریعہ کار اسٹیشن پر تشریف لے گئے اور گاڑی پر سوار ہوئے۔ حضور اقدس کے لئے ایک علیحدہ ڈبہ ریزرو کرایا گیا تھا۔ اس سفر کے باعث حضور کو بے چینی کی تکلیف ہوتی رہی۔ رات سفر کی وجہ سے نیند کم آئی اس وقت عام طبیعت اللہ تعالےٰ کے فضل سے بہتر ہے اصل بیماری کی وجہ سے جو شدید اعصابی کمزوری ہوگئی تھی۔ اس میں اللہ تعالےٰ کے فضل سے بتدریج افاقہ ہو رہا ہے۔ مگر کبھی کبھی تکلیف شدت سے ظاہر ہو جاتی ہے۔ جو ہمارے لئے وجہ فکر بن جاتی ہے۔ احباب التزام کے ساتھ حضور کے لئے اللہ تعالےٰ کے حضور سجدوں میں گرے رہیں تا ہمارا آقا در خدا اُسے اپنے خاص فضل سے حضور کو تمام عوارض سے شفا عطا فرما کر صحت والی اور کام والی لمبی عمر عطا فرمائے۔

خاکسار (ڈاکٹر، مرزا منور احمد)

بوقت ساڑھے چھ بجے صبح۔ راولپنڈی ۷؍جون ۱۹۵۹ء

جلسہ تقسیم اسناد و انعامات

تعلیم الاسلام کالج ربوہ کا جلسہ تقسیم اسناد و انعامات انشاء اللہ العزیز ۱۴؍جون ۱۹۵۹ء کو بروز اتوار علی الصبح منعقد ہوگا۔ بی اے اور بی۔ ایس سی کے امتحان منعقدہ ۱۹۵۸ء میں تعلیم الاسلام کالج کی طرف سے شریک ہوکر کامیاب ہونے والے طلباء نیز انعامات اور کلرز وغیرہ حاصل کرنیوالے طلباء ۱۳؍جون کو یہاں پہنچ جائیں۔ تاکہ ۶ بجے شام کی ریہرسل میں شریک ہو سکیں۔ گاؤن اور ہڈ ہمراہ لادیں۔

(پرنسپل تعلیم الاسلام کالج ربوہ)

ایڈیٹر روشن دین تنویر بی اے ایل ایل بی

مسعود احمد پرنٹر و پبلشر نے ضیاء الاسلام پریس ربوہ میں چھپوا کر دفتر الفضل ربوہ سے شائع کیا۔